04.06.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ
Music

☆ لوک سبھا انتخابات کے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ دستیاب رجحانات کے مطابق این ڈی اے کو برتری حاصل ہے، جبکہ اپوزیشن کے آئی این ڈی آئی اے اتحاد نے سخت مقابلہ کیا ہے۔

☆ ابھی تک موصولہ رجحانات کے مطابق NDA کو 291 سیٹوں پر سبقت حاصل ہے، جبکہ آئی این ڈی آئی اے بلاک 231 سیٹوں پر آگے چل رہا ہے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی، مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ، امت شاہ، پیوش گوئل اور جیوترآدتیہ سندھیا، لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا، کانگریس کے لیڈر راہل گاندھی اور کشن لال شرما نیز ساجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو اُن سرکردہ لوگوں میں شامل ہیں، جنہیں سبقت حاصل ہے۔

☆ پیچھے رہنے والے امیدواروں میں نیشنل کانفرنس کے عمرعبداللہ، BJP کی لیڈر اسمرتی ایرانی اور کانگریس کے ششی تھرور شامل ہیں۔

☆ اسمبلی چناؤ میں آندھرا پردیش میں تیلگودیشم پارٹی بڑی کامیابی کی جانب گامزن ہے، جبکہ اوڈیشہ میں BJP کو واضح سبقت ملتی ہوئی نظر آرہی ہے۔

☆ Sensex میں 6 ہزار سے زیادہ پوائنٹ کی گراوٹ آئی، جبکہ نفٹی بھی ایک ہزار 200 پوائنٹ نیچے آگیا۔

Music
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

Election

لوک سبھا انتخابات کے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ تازہ رجحانات کے مطابق BJP کی زیرقیادت NDA پھر سے اقتدار حاصل

کرنے کی جانب گامزن نظر آرہی ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ اپوزیشن کے آئی این ڈی آئی اے اتحاد نے بھی اِس مرتبہ سخت مقابلہ کیا ہے۔

NDA نے دو سیٹیں جیتی ہیں اور 297 پر اُسے سبقت حاصل ہے۔

دوسری طرف آئی این ڈی آئی اے اتحاد کے امیدوار 228 سیٹوں پر آگے چل رہے ہیں۔ 18 سیٹوں پر دیگر امیدواروں کو سبقت حاصل ہے۔

سبقت حاصل کرنے والے سرکردہ امیدواروں میں وارانسی سے وزیرِاعظم اور BJP کے لیڈر نریندر مودی، گاندھی نگر سے مرکزی وزیر امت شاہ، ناگپور سے نتن گڈکری، Guna سے جیوترآدتیہ سندھیااور ممبئی نارتھ سے پیوش گوئل شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ BJP کے لیڈر شیوراج سنگھ چوہان Vidisha میں اور فگن سنگھ کلستے مانڈلا ایس ٹی سیٹ پر آگے چل رہے ہیں۔

کانگریس لیڈر راہل گاندھی رائے بریلی سے، ساجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو قنوج سے اور اُن کی اہلیہ ڈمپل یادو Mainpuri سے آگے چل رہی ہیں۔

جو سرکردہ امیدوار پیچھے چل رہے ہیں، اُن میں BJP کی لیڈر اور مرکزی وزیر اسمرتی ایرانی امیٹھی سے، ایل مروگن نیل گری سے اور وی مرلی دھرن Attingal سیٹ سے شامل ہیں۔

اِس کے علاوہ BJP کی لیڈر ڈاکٹر تمل سائی سندراراجن چنئی ساؤتھ سیٹ سے، نیشنل کانفرنس کے عمر عبداللہ بارہمولہ سے اور ترنمول کانگریس کے شتروگھن سنہا آسنسول سے شامل ہیں۔

اترپردیش میں لوک سبھا کی 80 سیٹوں میں سے BJP کو 36 سیٹوں پر سبقت حاصل ہے، جبکہ ساجوادی پارٹی 33 سیٹوں پر آگے چل رہی ہے۔ کانگریس پارٹی کے امیدواروں کو 8 سیٹوں پر سبقت حاصل ہے۔ راشٹریہ لوک دل کے امیدوار 2 سیٹوں پر آگے چل رہے ہیں۔

پنجاب میں 13 سیٹوں میں سے 7 پر کانگریس کو، جبکہ 3 سیٹوں پر عام آدمی پارٹی اور ایک سیٹ پر شرومنی اکالی دَل کو سبقت حاصل ہے۔

ہریانہ میں لوک سبھا کی 10 سیٹوں میں سے 6سیٹوں پر کانگریس آگے چل رہی ہے، جبکہ 4 سیٹوں پر BJP کو سبقت حاصل ہے۔

چنڈی گڑھ میں واحد لوک سبھا سیٹ پر کانگریس کے امیدوار منیش تیواری کو، BJP کے امیدوار سنجے ٹنڈن پر سبقت حاصل ہے۔

دِلی میں سبھی 7 حلقوں میں BJP کے امیدوار آگے چل رہے ہیں۔

لداخ میں واحد پارلیمانی سیٹ پر آزاد امیدوار حاجی حنیفہ کو سبقت حاصل ہے۔

جموں وکشمیر میں 6 سیٹوں میں سے 2 سیٹوں پر BJP کو، 2 پر ہی نیشنل کانفرنس کو اور ایک سیٹ پر آزاد امیدوار کو سبقت حاصل ہے۔

ہماچل پردیش میں چاروں حلقوں میں BJP کے امیدوار آگے چل رہے ہیں۔ مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر کو ہمیرپور لوک سبھا سیٹ پر سبقت حاصل ہے، جبکہ فلم اداکارہ کنگنارناوت منڈی سیٹ پر آگے چل رہی ہیں۔

آسام میں 14 سیٹوں میں سے 8 سیٹوں پر BJP کو سبقت حاصل ہے، جبکہ 4 سیٹوں پر کانگریس آگے چل رہی ہے۔

آندھرا پردیش میں لوک سبھا کی 25 سیٹوں میں سے 16 سیٹوں پر تیلگودیشم پارٹی کو سبقت حاصل ہے، جبکہ 3 سیٹوں پر BJP اور 4 سیٹوں پر YSR کانگریس پارٹی آگے چل رہی ہے۔

تلنگانہ میں لوک سبھا کی 17 سیٹوں میں سے 8 سیٹوں پر BJP کو اور اتنی ہی سیٹوں پر کانگریس کو سبقت حاصل ہے۔ AIMIM ایک سیٹ پر آگے چل رہی ہے۔
تمل ناڈو میں لوک سبھا کی 39 سیٹوں میں سے 21 پر DMK پارٹی کو سبقت حاصل ہے، جبکہ 8 سیٹوں پر کانگریس آگے چل رہی ہے۔
کیرالہ میں 20 سیٹوں میں سے 13 سیٹوں پر کانگریس کو سبقت حاصل ہے، جبکہ 2سیٹوں پر IUML اور ایک سیٹ پر CPIM آگے ہے۔ BJP کو 2 سیٹوں پر سبقت حاصل ہے۔
کرناٹک میں 28 سیٹوں میں سے 16 سیٹوں پر BJP آگے چل رہی ہے، جبکہ 10 سیٹوں پر کانگریس کو سبقت حاصل ہے۔
راجستھان میں BJP تیرہ سیٹوں پر، جبکہ کانگریس 9 سیٹوں پر آگے چل رہی ہے۔
مہاراشٹر میں 48 سیٹوں میں سے 11 سیٹوں پر BJP کو سبقت حاصل ہے، جبکہ شیوسینا ادھو ٹھاکرے گروپ 11 پر اور کانگریس بھی 11 سیٹوں پر آگے چل رہی ہے۔ NCP شرد پوار گروپ کو 8 سیٹوں پر سبقت حاصل ہے۔×

Assembly Polls

آج ہی آندھرا پردیش اور اوڈیشہ میں اسمبلی چناؤ کے ووٹوں کی گنتی بھی کی جارہی ہے۔
اوڈیشہ میں 147 سیٹوں میں سے 134 سیٹوں کے رجحانات موصول ہوئے ہیں۔ اِس کے مطابق BJP کو 71 سیٹوں پر سبقت حاصل ہے، جبکہ بیجو جنتادل کے امیدوار 47 سیٹوں پر آگے چل رہے ہیں۔ کانگریس کو 13 سیٹوں پر سبقت حاصل ہے، جبکہ دو سیٹوں پر آزاد امیدوار اور ایک سیٹ پر CPIM آگے چل رہی ہے۔
ادھر آندھرا پردیش میں 175 سیٹوں میں سے 173 کے رجحانات دستیاب ہوئے ہیں۔ تیلگودیشم پارٹی کو 127 سیٹوں پر سبقت حاصل ہے، جبکہ YSR کانگریس پارٹی کے امیدوار 22 سیٹوں پر آگے چل رہے ہیں۔ جَن سینا پارٹی کو 17 سیٹوں پر اور BJP کو 7 سیٹوں پر سبقت حاصل ہے۔

Reaction

بی جے پی کے جنرل سکریٹری ترون چگ نے اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ بی جے پی کی قیادت والا NDA ایک مرتبہ پھر اقتدار حاصل کرے گا۔ آج نئی دلی میں آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے جناب چگ نے کہا کہ اب تک ووٹوں کی گنتی کے صرف 4 سے 5 دور ہوئے ہیں اور ووٹوں کی گنتی مکمل ہونے کے بعد بی جے پی لازمی طور پر جیت حاصل کرے گی۔
وہیں کانگریس لیڈر راگنی نائک نے کہا ہے کہ آئی این ڈی آئی اے بلاک جیت حاصل کرے گا اور اُسے زیادہ سیٹیں ملیں گی۔ آکاشوانی نیوز سے ایک خصوصی بات چیت میں راگنی نائک نے کہا کہ NDA حکومت تشکیل دینے کے لیے ضروری 272 سیٹوں کا نشانہ پار نہیں کرپائے گا۔

MP-NOTA

لوک سبھا انتخابات کے نتائج کے تحت مدھیہ پردیش کے اندور میںNOTA یعنی 'اِن میں سے کوئی نہیں' نے ایک نیا ریکارڈ بنایا ہے۔ چناؤ کی تاریخ میں ملک میں پہلی مرتبہ ایک بڑی تعداد میں لوگوں نے NOTA کا انتخاب کیا۔ اب تک موصول اطلاع کے مطابق NOTA کو ایک لاکھ 55ہزار ووٹ ملے ہیں۔ اِس کے ساتھ ساتھ اندور سے بی جے پی کے امیدوار شنکر للوانی

تقریباً 7 لاکھ ووٹوں سے جیت حاصل کرکے ایک نیا ریکارڈ بنارہے ہیں۔ اب تک ملک میں NOTA کو سب سے زیادہ ووٹ ملنے کا ریکارڈ بہار کے گوپال گنج کے نام ہے۔ 2019 کے چناؤ میں NOTA کو 51 ہزار 660 ووٹ ملے تھے۔
اندور میں 13 مئی کو ہوئی ووٹنگ میں کُل 25 لاکھ 27 ہزار ووٹروں میں سے 61 اعشاریہ سات پانچ فیصد ووٹروں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا تھا۔ اس سیٹ سے کُل 14 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔

Sensex Crushed

آج دن کے کاروبار میں ملک کے شیئر بازاروں میں گراوٹ دیکھنے میں آئی۔
بامبے اسٹاک ایکسچینج کے Sensex میں چھ ہزار پوائنٹ سے زیادہ کی گراوٹ آئی۔ یہ چھ اعشاریہ سات-ایک فیصد یعنی پانچ ہزار 602 پوائنٹ کم ہوکر 71 ہزار 2 پر آ گیا۔
اِسی طرح نیشنل اسٹاک ایکسچینج کا نفٹی بھی ایک ہزار 634 پوائنٹ یعنی چھ اعشاریہ آٹھ-نو فیصد نیچے آ گیا۔
کووِڈ عالمی وبا کے بعد سے بھارتی شیئر بازاروں میں ایک ہی دن میں یہ اب تک کی سب سے بڑی گراوٹ ہے۔

Assam Flood

آسام میں سیلاب کی صورتحال مسلسل سنگین بنی ہوئی ہے، کیونکہ یہاں 10 اضلاع میں 6 لاکھ سے زیادہ لوگ اس سے متاثر ہیں۔ ریاستی حکومت نے ان اضلاع میں191 امدادی کیمپ اور امداد تقسیم کرنے والے 108 مراکز قائم کئے ہیں۔ امدادی اور بچاؤ کارروائیوں کیلئے NDRF اور SDRF ٹیموں کو بھی تعینات کیا گیا ہے۔
حکومت کے ذرائع کے مطابق کچھار ضلع میں 4 افراد کی جانیں تلف ہوئی ہیں، جبکہ 4 لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد 18 ہوگئی ہے۔ 577 گاؤں سیلاب سے متاثر ہیں اور ریاست بھر کی 6 ہزار ہیکٹیئر سے زیادہ فصلوں کی آراضی کو نقصان پہنچا ہے۔
Chandranathpur / New Half Long سیکشن کے درمیان ریل پٹری کو نقصان پہنچنے کے تناظر میں نارتھ ایسٹ فرنٹیئر کو منسوخ کردیا گیا ہے اور اس روٹ پر چلنے والی مختلف ٹرینوں کو پانچ جون تک جزوی طور پر منسوخ کردیا گیا ہے۔

Mexico Election

میکسکو میں Claudia Sheinbaum ایک زبردست تاریخی جیت میں ملک کی پہلی خاتون صدر منتخب ہوئی ہیں۔ نیشنل الیکٹورل انسٹی ٹیوٹ نے حکمراں Morena پارٹی کی امیدوار Claudia Sheinbaum کو صدارتی چناؤ کا فاتح قرار دیا ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ ابتدائی نتائج میں میکسکو سٹی کی 61 سالہ سابق میئر کو چناؤ میں 58 سے 60 فیصد ووٹ حاصل ہوئے ہیں اور انہیں فاتح قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنی سب سے قریبی حریف Xochitl Galvez کو شکست دی۔
محترمہ Sheinbaum توانائی کی سابق سائنسداں ہیں، جو سبکدوش ہونے والے صدر Andres Manuel Lopez Obrador کی جانشین ہوں گی۔

Hammas Killed

اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ 7 اکتوبر کو حماس کے ہاتھوں اغوا کیے گئے مزید چار افراد کی موت کی تصدیق ہوگئی ہے۔ اسرائیل کی دفاعی افواج کے ترجمان ریئر ایڈمرل Daniel Hagari نے بتایا ہے کہ جنوبی غزہ میں خان یونس میں ایک اسرائیلی کارروائی کے دوران چار افراد مارے گئے۔ انھوں نے کہا کہ لاشیں اب بھی ملی ٹینٹس کے قبضے میں ہیں۔

اسرائیلی حکام کے مطابق حماس نے جنوبی اسرائیل میں اپنے حملوں کے دوران تقریباً ایک ہزار 200 افراد کو ہلاک کیا اور 251 کو یرغمال بنا لیا۔ حماس گروپ نے نومبر میں ایک ہفتے کی عارضی جنگ بندی کے دوران 105 عام شہریوں کو رہا کردیا تھا۔ البتہ تقریباً 120 یرغمالیوں کے بارے میں کچھ پتہ نہیں ہے۔

اسرائیلی عہدیداروں نے کہا ہے کہ ان میں سے کئی لوگوں کے مرنے کا اندیشہ ہے۔ اسرائیل نے سرحد پار سے حملے کے جواب میں حماس کو تہس نہس کرنے کی ایک مہم شروع کر رکھی ہے۔

Womens Football

فٹ بال میں بھارت اور ازبکستان کی سینئر خواتین ٹیموں کے درمیان دوسرا دوستانہ میچ آج تاشقند میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے پانچ بجے شروع ہوگا۔

پہلے دوستانہ میچ میں بھارتی خواتین کی ٹیم کو ازبکستان کے ہاتھوں تین-صفر سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

French Open Tennis

فرنچ اوپن ٹینس میں مردوں کے ڈبلس کے کوارٹر فائنل میں بھارت کے روہن بوپنا اور آسٹریلیا کے اُن کے ساتھی کھلاڑی Matthew Ebden کا مقابلہ دسویں نمبر کی جوڑی بلجیم کے Sander Gille اور Joran Vliegen سے ہوگا۔

بوپنا اور Ebden کی دوسرے نمبر کی جوڑی نے سُپر ٹائی بریکر میں بھارت کے این- سری رام بالا جی اور میکسیکو کے Miguel Angel Reyes-Varela کی جوڑی کو چھ-سات، چھ-تین اور سات-چھ سے ہرایا۔